A-PDF Watermark DEMO: Purchase from www.A-PDF.com to remove the watermark

# PUNJAB EXAMINATION COMMISSION

## EXAMINATION 2018, GRADE - 8

## URDU PART-A(Objective Type Paper)

**MODEL PAPER**

**Part- A:48 Marks, Part- B:52 Marks,Total:100 Marks**

| | |
|---|---|
| **Student Name (In Capital Letters)** | |

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| **Roll Number (In Figures)** | | | - | | | - | | | | |

**Signature of Dy.Superintendent (CNIC):**________________

| | |
|---|---|
| **Only For Examinar** | صرف ممتحن کے استعمال کے لیے |
| **Total Marks MCQs** | |
| **Signature of Assistant** | |
| **Signature of Head Examiner** | |

**For Official Use Only**

**عمومی ہدایات:**

(۱) طلبہ غور سے پڑھیں اور ہر سوال کا جواب دیں۔

(۲) لکھنے کے لیے کالی یا نیلی روشنائی استعمال کریں۔ کچی پنسل کے استعمال کی اجازت نہیں ہے۔

(۳) ہر کثیر الانتخابی سوال کے صحیح جواب پر دائرہ لگائیں جیسا کہ مثال میں دکھایا گیا ہے۔

مثال: چیچڑ کی وجہ سے پھیلنے والی بیماری ہے:

(a) پولیو (b) خسرہ (c) ڈینگی (d) کانگو

(۴) اگر کسی سوال میں ایک سے زیادہ جوابات کے گرد دائرہ لگایا گیا تو کوئی نمبر نہیں دیا جائے گا۔

| کل وقت: 1 گھنٹہ 15 منٹ | اردو (حصہ الف) کثیر الانتخابی سوالات | کل: 48 نمبر |
|---|---|---|

ہدایات: اس حصہ میں بتیس (32) کثیر الانتخابی سوالات دیے گئے ہیں۔ ہر سوال کے نمبر برابر ہیں۔

سوال نمبر 1۔ ''ڈرامہ دیکھا جائے گا۔'' فعل معروف کے مطابق یہ جملہ ہے:

(a) ڈرامہ دیکھا جا رہا ہے۔ (b) ڈرامہ دیکھا گیا۔

(c) میں ڈرامہ دیکھوں گا۔ (d) ڈرامہ دیکھا جاتا ہے۔

سوال نمبر 2۔ مختلف معانی رکھنے والے ہم شکل الفاظ والا جملہ ہے:

(a) جہاں کسی کی کھٹ پٹ ہوئی وہاں ہم کھٹ سے موجود۔

(b) ٹھنڈی آئس کریم کھانے سے دانت ٹھنڈے ہو جاتے ہیں۔

(c) گاڑی چھک چھک کرتی چلی آ رہی ہے۔

(d) یہ آم مجھے کھٹا کھٹا سا محسوس ہو رہا ہے۔

Result.pk

سوال نمبر3۔ ضمانت دینے والا کہلاتا ہے:

(a) ضامن (b) ضعیف (c) ضخیم (d) ضدی

سوال نمبر4- محاورے کے لحاظ سے درست جواب کی نشان دہی کریں: اس کی دلیلوں کے سامنے تمھاری دال۔۔۔۔نظر نہیں آتی۔

(a) پکتی (b) گلتی (c) بنتی (d) بٹتی

سوال نمبر5- کسی کے ساتھ تعلق تو بہت گہرا ہو لیکن وہ رابطہ رکھے بغیر اپنے کاموں میں مصروف رہے اور لمبے عرصے کے بعد ملنے آئے تو ایسے شخص کے لیے کہا جاتا ہے:

(a) چراغ سحری ہونا (b) عملی جامہ پہنانا (c) عید کا چاند ہونا (d) حق ادا کرنا

سوال نمبر6- اس نے روتے ہوئے باپ کے سامنے اپنی چھوٹی سی غلطی کا اقرار کر لیا تو باپ کو اس پر پیار آ گیا اور اسے کچھ نہ کہا، سچ کہتے ہیں:

(a) چور چوری سے جائے ہیرا پھیری سے نہ جائے (b) بکرے کی ماں کب تک خیر منائے گی

(c) سانچ کو آنچ نہیں (d) جھوٹ کے پاؤں نہیں ہوتے

سوال نمبر7- الفاظ کی کس فہرست کے ساتھ سابقہ ''بے'' لگے گا؟

(a) نور، ایمان، ضمیر (b) مراد، ہنر، نیک (c) ماہر، نصیب، خط (d) معلوم، ضمیر، ہوا

سوال نمبر8- الفاظ کی ردیف وار ترتیب ہے:

(a) بہن، ترتیب، کافر، نیک (b) نیک، کافر، ترتیب، بہن (c) کافر، نیک، بہن، ترتیب (d) ترتیب، بہن، نیک، کافر

سوال نمبر9- ''چائے بنائی گئی۔'' فعل معروف کے مطابق یہ جملہ ہے:

(a) بشریٰ نے چائے بنائی۔ (b) میں نے چائے پی۔ (c) تم چائے پیتے ہو۔ (d) چائے بن گئی ہے۔

سوال نمبر10- صبر کرنے والا کہلاتا ہے:

(a) صاحب (b) صابر (c) صادق (d) صارف

سوال نمبر11- الفاظ کی کس فہرست کے ساتھ لاحقہ ''خانہ'' لگے گا؟

(a) دوا، کباڑ، نگار (b) دوا، خوش، نفرت (c) کباڑ، مزاج، صحت (d) نگار، جانور، پیار

سوال نمبر12- الفاظ کی ردیف وار ترتیب ہے:

(a) سلامت، یاس، تختی، بات (b) تختی، بات، سلامت، یاس (c) بات، تختی، یاس، سلامت (d) یاس، سلامت، بات، تختی

☆ مندرجہ ذیل عبارت پڑھ کر سوال نمبر 16,15,14,13 اور 17 کے درست جواب کی نشان دہی کیجیے۔

آلو کے چپس دنیا بھر میں شوق سے کھائے جاتے ہیں۔ پاکستان میں بین الاقوامی شہرت یافتہ کمپنیوں کے بنے ہوئے چپس کے چھوٹے پیک دس سے بیس روپے تک کی قیمت میں مل جاتے ہیں۔ حال ہی میں سویڈن کی ایک کمپنی نے دنیا کے مہنگے ترین پوٹیٹو چپس متعارف کرائے ہیں۔ چپس کی صورت اختیار کیے ہوئے آلو کے صرف پانچ قتلے ایک چھوٹے سے باکس میں پیک کیے گئے ہیں۔ یہ باکس ان لوگوں کو فروخت کیے جاتے ہیں جو اس کمپنی کی دیگر مصنوعات خریدتے ہیں۔ اس باکس کی قیمت پانچ سو پچاس ڈالر ہے۔ گویا ایک قتلا ایک سو دس ڈالر (لگ بھگ گیارہ ہزار روپے) میں پڑتا ہے۔ دراصل یہ چپس خاص اجزا سے بنائے جاتے ہیں۔ یہ چپس بادام سے مشابہ آلوؤں سے بنائے جاتے ہیں۔ آلو کی یہ قسم امرناس کی پہاڑی ڈھلوانوں پر کاشت کی جاتی ہے۔ شہر کی ان ڈھلوانوں پر مشینری کا استعمال ممکن نہیں، اس لیے آلو کی کاشت کے تمام مراحل ہاتھوں سے انجام دیے جاتے ہیں۔ چپس میں استعمال ہونے والی کھمبیاں شمالی سویڈن کے جنگلات سے، ایک خاص جھاڑی کے بیج ڈنمارک کے جزائر فارو سے، اجوائن کی خاص قسم سویڈن کے ایک جزیرے سے اور مخصوص قسم کی پیاز اسی ملک کے ایک چھوٹے سے قصبے سے حاصل کی جاتی ہے۔ یہ تمام اجزا مل کر اس مہنگے ترین چپس کی شکل اختیار کرتے ہیں۔

Result.pk

سوال نمبر **13**۔ پوٹیٹو چپس سے مراد ہے، آلو کے:

(a) پکوڑے (b) پراٹھے (c) سموسے (d) قتلے

سوال نمبر **14**۔ عبارت کے مطابق پاکستان میں چپس کے چھوٹے پیک کی زیادہ سے زیادہ قیمت ہے:

(a) پانچ روپے (b) دس روپے (c) پندرہ روپے (d) بیس روپے

سوال نمبر **15**۔ ''فارو'' نام کا جزیرہ واقع ہے:

(a) پاکستان میں (b) انگلینڈ میں (c) سویڈن میں (d) ڈنمارک میں

سوال نمبر **16**۔ سویڈن کی کمپنی کے بنے ہوئے چپس میں شامل کون سی خاص چیز کسی اور ملک سے منگوائی جاتی ہے؟

(a) اجوائن (b) مخصوص پیاز (c) جھاڑی کے بیج (d) کھمبیاں

سوال نمبر **17**۔ امرناس کی زمین سے حاصل شدہ آلوؤں کی شکل ہوتی ہے:

(a) بادام جیسی (b) پیاز جیسی (c) کھمبی جیسی (d) لہسن جیسی

☆ مندرجہ ذیل عبارت پڑھ کر سوال نمبر **21,20,19,18** اور **22** کے درست جواب کی نشان دہی کیجیے۔

مدیر صاحب! میں نے آج کے اس خط میں اپنے سکول میں ۹ نومبر ۲۰۱۶ء کو منعقد ہونے والی یومِ اقبالؒ کی تقریب کو موضوعِ تحریر بنایا ہے۔ ڈاکٹر علامہ محمد اقبال رحمۃ اللہ علیہ کے یومِ پیدائش پر انعقاد پذیر اس تقریب کی صدارت ہمارے سکول کے ہیڈ ماسٹر جناب سرفراز احمد نے فرمائی۔ تقریب کا باقاعدہ آغاز تلاوت کلامِ پاک سے ہوا۔ یہ سعادت چھٹی کلاس کے طالب علم جمشید علی نے حاصل کی۔ اس کے بعد نثار عزمی نے نعتِ رسول ﷺ پیش کی۔ تلاوت اور نعت کے بعد اسٹیج سیکرٹری جناب مرزا حامد (معلّم) نے تقریری مقابلہ جات کے لیے آٹھویں جماعت کے طالب علم محمد رضوان کو دعوت خطاب دی۔ اس نے اپنی تقریر میں پرجوش انداز سے علامہ اقبال رحمۃ اللہ علیہ کو خراج تحسین پیش کیا۔ دوسرے مقرر، جماعت ہفتم کے ایم ناصر نے علامہ اقبال رحمۃ اللہ علیہ کے تصوّرِ خودی پر روشنی ڈالی۔ ششم کے اسد علی نے بھی اسی موضوع پر اظہار خیال کیا۔ جماعت پنجم کے عبدالکریم نے شاہین کو موضوعِ تقریر بنایا۔ میرے ہم جماعت آٹھویں کے ریاض احمد نے علامہ اقبال رحمۃ اللہ علیہ کی دین سے وابستگی کے موضوع کو والہانہ انداز سے پیش کیا۔ مقابلے کے نتائج کے اعلان سے پہلے صدر محفل نے علامہ اقبال رحمۃ اللہ علیہ کے تصوّرِ حیات، تصوّرِ تعلیم اور دو قومی نظریے کے متعلق تفصیلی خطاب کیا۔ مقابلے کے منصفین معلِّم عبداللہ، معلّم عثمان اور معلّم اعجاز کے اتفاق رائے سے محمد رضوان نے پہلی، ایم ناصر نے دوسری اور اسد علی نے تیسری پوزیشن حاصل کی۔ امید ہے کہ دیگر سکولز بھی اس قسم کی تقاریب کا اہتمام کر کے قومی ہیروز کو خراج تحسین پیش کرتے رہیں گے، والسلام۔

Result.pk

سوال نمبر **18**۔ ڈاکٹر علامہ محمد اقبال رحمۃ اللہ علیہ کی پیدائش کی تاریخ اور مہینہ ہے:

(a) سات اکتوبر (b) نو نومبر (c) گیارہ دسمبر (d) تیرہ جنوری

سوال نمبر **19**۔ تقریب میں قرآنِ پاک کی تلاوت کرنے والے طالب علم کا نام ہے:

(a) نثار عزمی (b) اسد علی (c) محمد رضوان (d) جمشید علی

سوال نمبر **20**۔ عبارت کے مطابق عبدالکریم کس جماعت کا طالب علم ہے؟

(a) پانچویں (b) چھٹی (c) ساتویں (d) آٹھویں

سوال نمبر **21**۔ طلبہ کو باری باری تقریر کے لیے دعوت دے رہے تھے:

(a) سر سرفراز احمد (b) سر عبداللہ (c) سر مرزا حامد (d) سر عثمان

سوال نمبر **22**۔ تقریب میں معلّم اعجاز فرائض سرانجام دے رہے تھے، بطور:

(a) مقرر (b) سیکرٹری (c) صدر (d) منصف

☆ مندرجہ ذیل عبارت پڑھ کر سوال نمبر 26,25,24,23 اور 27 کے درست جواب کی نشان دہی کیجیے۔

خوش گوار اور پرسکون زندگی بسر کرنے کے لیے ضروری ہے کہ افرادِ معاشرہ میں حسن سلوک، سخاوت، حوصلہ، برداشت، رواداری اور ایثار کے جذبات بدرجہ اَتم موجود ہوں۔ ایسا معاشرہ جس میں ہر انسان دوسرے انسان کی ضروریات کا خیال رکھے، اس زنجیر کی مانند ہوتا ہے جس کی کڑیاں باہم مضبوط ہوں۔ بصورت دیگر معاشرے کا شیرازہ بکھر جاتا ہے۔ ایک دوسرے کے دکھ درد کو محسوس کرنا اور اس کا مداوا کرنا ایسا فعل ہے جو انسان کو فرشتوں سے بلند اور ممتاز کرتا ہے۔ میر دردؔ کے بقول:

دردِ دل کے واسطے پیدا کیا انسان کو ورنہ طاعت کے لیے کچھ کم نہ تھے کرّ وبیاں

مسلمانوں کی تاریخ آدابِ معاشرت کے مختلف پہلوؤں مثلاً ہمدردی، سخاوت، محبت، اخوّت، ایثار، حسنِ سلوک اور احترامِ انسانیت جیسی روشن مثالوں سے بھری پڑی ہے۔ اللہ ربّ العزّت نے انسان کی فطرت میں محبت و ہمدردی کا جذبہ رکھا ہے، اس لیے وہ فطری طور پر نیک کاموں کی طرف رغبت اختیار کرتا ہے۔

سوال نمبر 23۔ عبارت کے مطابق زندگی کو خوش گوار بنانے والے جذبات ہیں:

(a) حسنِ سلوک اور رقابت (b) رقابت اور ایثار (c) ایثار اور حسنِ سلوک (d) سخاوت اور تکبّر

سوال نمبر 24۔ شیرازہ بکھر جانا سے مراد ہے:

(a) بد نظمی پیدا ہونا (b) اشیا تقسیم کرنا (c) سازشیں ہونا (d) ہار مان لینا

سوال نمبر 25۔ عبارت کے مطابق معاشرہ مضبوط ہوتا ہے:

(a) زمین اور جائداد سے (b) ایک دوسرے کا احساس کرنے سے (c) سرمایہ اور کاروبار سے (d) جدید طرزِ زندگی سے

سوال نمبر 26۔ انسان میں محبت و ہمدردی کا جذبہ ہے:

(a) ظاہری (b) وقتی (c) مصنوعی (d) فطری

سوال نمبر 27۔ عبارت کے مطابق انسان کو فرشتوں پر فوقیت دینے والا جذبہ ہے:

(a) ذوقِ شاعری (b) دردِ دل (c) مسلسل کام (d) زندہ دلی

☆ مندرجہ ذیل عبارت پڑھ کر سوال نمبر 31,30,29,28 اور 32 کے درست جواب کی نشان دہی کیجیے۔

Result.pk

ہر مصروف شخص کو تفریح کی ضرورت ہوتی ہے۔ ایک طالب علم کی مثال دیکھیے۔ وہ روزانہ سکول جاتا ہے اور گھر میں بلاناغہ ہوم ورک کرتا ہے۔ اگر اس کے پاس فارغ وقت ہو تو اپنے والد یا والدہ کے کاموں میں ہاتھ بٹاتا ہے۔ مسلسل کام کرتے رہنے کے سبب اسے تھکاوٹ محسوس ہونے لگتی ہے۔ طبیعت میں بیزاری پیدا ہو جاتی ہے تو اکتاہٹ دور کرنے کے لیے اپنے بہن بھائی یا دوستوں کے ساتھ کسی ایسے تفریحی مقام پر چلا جاتا ہے جہاں فضا میں سبزہ، درخت اور ہوا کی تازگی ہوتی ہے، جسے دیکھ کر اس کی طبیعت کِھل اٹھتی ہے۔ گھٹن کی فضا سے کھلے اور کشادہ ماحول میں آنے سے اس کے دل کو خوشی ملتی ہے اور فرحت کا احساس ہوتا ہے۔ مسلسل ایک ہی طرح کے ماحول میں رہنے اور کام کرنے سے جو تھکاوٹ پیدا ہو گئی تھی، وہ دور ہو جاتی ہے۔ تفریح کی ضرورت جانوروں کو بھی ہوتی ہے۔ باربردار جانور بوجھ اٹھاتے ہیں، گاڑیوں میں جوتے جاتے ہیں اور انھیں کھینچتے ہیں۔ مسلسل محنت اور مشقت کے بعد انھیں آرام کی ضرورت پڑتی ہے۔ حیوان صرف جسمانی محنت کرتے ہیں، لیکن انسانوں کو دماغی محنت بھی کرنا پڑتی ہے۔ اس لیے انھیں حیوانوں سے زیادہ تفریح کی ضرورت پڑتی ہے۔

سوال نمبر 28۔ عبارت کی ابتدائی دو سطروں میں طالب علم کی زندگی کے کس پہلو پر بات کی گئی ہے؟

(a) طبیعت (b) ذہانت (c) فراغت (d) مصروفیت

سوال نمبر 29۔ عبارت کے مطابق طالب علم کے تھک جانے کا سبب ہے:

(a) بیماری (b) مسلسل کام (c) بھوک پیاس (d) مزدوری

سوال نمبر 30۔ ''اکتاہٹ دور کرنے کے لیے کسی تفریحی مقام پر چلا جاتا ہے۔'' اس جملے میں ''اکتاہٹ'' سے مراد ہے:

(a) بیزاری (b) غصہ (c) محنت (d) بیماری

سوال نمبر 31۔ کشادہ ماحول سے دور ہوتی ہے:

(a) فرحت (b) گھٹن (c) آزادی (d) تسکین

سوال نمبر 32۔ ''باربردار جانور'' میں ''بار'' سے مراد ہے:

(a) چارہ (b) بوجھ (c) دوڑ (d) پالتو